سوال

(217) کیا ریل گاڑی میں نماز ادا کی جا سکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ریل گاڑی میں عموماً لوگ نماز پڑھتے ہیں۔ اس میں بھی اختلاف ہے اس کی بھی وضاحت فرمائیں!

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض روایات میں کشتی میں نماز پڑھنے کا جواز ہے۔ ملاحظہ ہو!المنتقی: باب الصلوٰۃ فی السفینۃ۔ تو اس سے ریل میں نماز پڑھنے کے جواز کی بھی دلیل لی جا سکتی ہے جیسے بھی ممکن ہو کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر۔ قرآن میں ہے:

لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا (البقرۃ:۲۸۶)

''کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔''

ہاں البتہ اگر آسانی سے زمین پر نماز پڑھنے کا موقع میسر آ جائے تو پھر نیچے ہی پڑھنی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد: صفحہ: 203

محدث فتویٰ